نظر طباعت وکتابت سے کتاب کی رونق کو دوبالا کر دیا ہے۔ بارگاہ الٰہی میں دست بدعا ہوں کہ وہ اپنے خصوصی فضل وکرم سے محترم مولانا سعید الحق جدون صاحب کے ان علمی' دینی خدمات کو شرفِ پذیرائی عطا فرما کر ان کی تالیفات وتصانیف سے فرزندان اسلام کو استفادہ کی توفیق نصیب فرمادے۔اس سے قبل بھی مولانا موصوف نے میرے دروس میں بعض باتیں 'لطائف وظرائف کو بھی زیورطبع سے آراستہ فرمایا ہے اور آئندہ بھی ایک رسالہ ''فرضیت خلافت اوراس کے قیام کا نبوی طریقہ'' کے نام سے طبع فرمارہے ہیں۔رب العالمین جل جلالہ انکے مساعی جمیلہ کو قبولیت تامہ عامہ نصیب فرماوے۔'' القاسم اکیڈمی خصوصاً حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی اس عظیم علمی شہکار کی اشاعت قابل تحسین وتبریک ہے۔

● **تذکرہ وسوانح امام الہند ابوالکلام آزاد......مولانا عبدالقیوم حقانی**

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کتابوں کی ترتیب' تدوین اشاعت اور تحقیق کے حوالہ سے اپنی مثال آپ ہیں' کئی موضوعات ومباحث پر ان کی تالیف کردہ کتابیں پڑھنے والوں سے داد وتحسین وصول کرچکی ہے' زیرتبصرہ وزیرمطالعہ کتاب ام الہند نابغہ روزگار عبقری عالم دین مولانا ابوالکلام آزاد کے تذکرہ وسوانح حیات پر مشتمل ہے۔ ۲۱۵صفحات پر مشتمل اس کتاب میں حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی نے انتہائی سلیقہ اور قرینہ سے اقتباسات جمع کئے ہیں گویا انگشتری میں نگینے جڑ دیئے ہیں۔ابوالکلام آزاد کے حوالہ سے اب تک بے شمار مضامین مقالات اور کتابیں شائع ہوچکی ہے تاہم اس سے ہرکوئی استفادہ نہیں کرسکتا لیکن علامہ حقانی صاحب کی یہ کتاب عام فہم سادہ اردو میں لکھی گئی ہے' مولانا حقانی صاحب اس کتاب کی تدوین وترتیب کے لئے برسوں صحرانوردی کی جان گداز صعوبتیں برداشت کیں' کتب ہائے متفرقہ کی ورق گردانی میں شب وروز ایک کئے۔آخران کا لب لباب اوران سے کشید کردہ مطالب ومفاہیم سلک مروارید ہی میں پروکر نادر الوجود ہار تیار کرکے قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جہاں تک امام الہند کی شخصیت کا تعلق ہے تو اگر وہ سیاست کے امام تھے،علمی وفلسفیانہ حیثیت سے ان میں ابن رشد،ابن باجہ،ابن طفیل کی روح متحرک نظر آتی ہے۔بہرحال یہ تذکرہ سوانح امام الہند ہر اعتبار سے عمدہ، مفید، معلومات افزاء،عبرت انگیز اور نصیحت آموز کتاب ہے۔اللہ رب العزت آپ کے قلم میں اور بھی برکت اور روانی پیدا فرمائے اوراس کی فیوضات سے مسلمانوں کو مستفید فرمائے ۔امین۔ یہ کتاب القاسم اکیڈمی خالق آباد نوشہرہ سے دستیاب ہے' قیمت درج نہیں۔

● **باقہ الاذھار (پھولوں کا گلدستہ) ............ ابومحمد حمید الرحمٰن**

عربی زبان وادب کی اہمیت علمی دنیا میں مسلم ہے کسی ذی شعور کو اس حقیقت سے انکار نہیں اوراس زبان وادب کی خدمت وقتاً وقتاً مختلف علاقوں کے مختلف علماء کرام نے سرانجام دیا ہے۔ برصغیر پاک وہند میں تو علماء کرام نے بہت شہکار شہ پارے شائع کرکے طلبہ پر عظیم احسانات کیئے بعض علماء کرام نے عربی ادب کے بحر بے کنار سے موتیوں